# جغرافیہ

# 7

گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، پنجاب، لاہور

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1۔ | زمین کی طبعی حالت | 1-14 |
| 2۔ | کرہ ہوائی کا تعارف | 25-34 |
| 3۔ | کرہ ہوائی کا درجہ حرارت | 35-44 |
| 4۔ | زراعت | 67-80 |
| 5۔ | کان کنی اور توانا ء کے وسائل | 81-92 |
| 6۔ | صنعت | 93-102 |
| 7۔ | تجارت | 103-112 |
| 8۔ | ذرائع آمدورفت | 113-123 |



نگران : مسٹر سلطان شاھد، پرنسپل

مسٹر کاشف محمود، پرنسپل

تیار کردہ : مسز صا ئمہ نوشین ، جونیئر سپیشل ایجوکیشن ٹیچر

## یونٹ 1

# زمین کی طبعی حالت

**سوال نمبر 1۔ درست جواب پر دائرہ لگائیں۔**

1۔ زمین کے بیرونی مرکزہ کی موٹائی کتنے کلومیٹر ہے؟

ا۔1250 ب۔1950 ج۔2050 د۔2250

2۔ دنیا کے 70 فیصد آتش فشاں پہاڑ پائے جاتے ہیں۔

ا۔سمندروں کے فرش پر ب۔دریاوں پر ج۔خشکی پر د۔پہاڑوں پر

3۔ بالائی مینٹل کی موٹائی کتنے کلومیٹر ہے؟

ا۔570 ب۔670 ج۔770 د۔870

4۔ 1990ء میں ایران میں زلزلے سے کتنی جانوں کا نقصان ہوا؟

ا۔بیس ہزار ب۔تیس ہزار ج۔چالیس ہزار د۔پچاس ہزار

5۔ زلزلے کی شدت کی پیمائش کے لیے کون سا آلہ استعمال کیا جاتا ہے؟

ا۔بیرومیٹر ب۔ہائیگرومیٹر ج۔تھرمامیٹر د۔سیمسوگراف

جوابات۔ 1۔2250 2 ۔سمندروں کے فرش پر 3۔670 4۔چالیس ہزار 5۔سیمسوگراف

**سوال نمبر 2۔مختصر جواب دیں**

1۔زلزلوں کی وجوہات بیان کریں۔

جواب۔زلزلوں کی وجوہات درج ذیل ہیں۔

i۔پلیٹوں کی حرکات : زیادہ تر زلزلے زمین کی پلیٹوں کی حرکات کی وجہ سے آتے ہیں۔

ii۔آتش فشانی عمل: جب لاوا زمین کی سطح کو پھاڑ کر باہر نکلتا ہے تو اس سے زمین کی سطح پر حرکت پیدا ہوتی ہے۔جس سے زلزلے آتے ہیں۔

2۔زمین کی پلیٹوں کے نام لکھیں۔

جواب۔i۔بحرالکاہل کی پلیٹ ii۔جنوبی امریکہ کی پلیٹ iii۔شمالی امریکہ کی پلیٹ

iv۔افریقین پلیٹ v۔آسٹریلین پلیٹ vi۔انٹارکٹیکا کی پلیٹ vii۔یوریشین پلیٹ

3۔آتش فشاں سے کیا مراد ہے؟

جواب۔گرم سیال مادے میگما کا سطح زمین سے باہر خارج ہونا آتش فشاں عمل کہلاتا ہے۔

4۔زمین کی اندرونی ساخت کی وضاحت کریں۔

جواب۔زمین کو درج ذیل تین حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

i۔قشرالارض ii۔مینٹل iii۔مرکزہ

i۔قشرالارض(Crust)

زمین کے سب سے اوپر اور کم موٹائی کرے کو قشرالارض کہتے ہیں۔یہ زمین کی سب سے بیرونی سطح ہے جو کہ پانی اور خشکی پر مشتمل ہے۔زمین کے اس حصے میں زیادہ تر معدنیات پائی جاتی ہیں۔

ii۔مینٹل

قشرالارض کے نیچے مینٹل ہے۔اس میں زیادہ تر چٹانیں پگھلی ہوئی حالت میں ملتی ہیں۔یہ زیادہ تر لوہا،سلیکون اور میگنیشیم کے عناصر پر مشتمل ہے۔

iii۔مرکزہ(Core)

مینٹل کے نیچے مرکزہ واقع ہے۔بیرون مرکزہ پگھلی ہوئی چٹانوں پر مشتمل ہے جبکہ اندرونی مرکزہ لوہے اور نکل سے بنا ہے اور ٹھوس ہے۔

سرگرمی

☆ طلبہ ایک چارٹ پر زمین کی ساخت کا ماڈل بنا کر اسے کمرہ جات میں آویزاں کریں۔

☆ طلبہ زلزلوں سے متعلق تصاویر اکھٹی کر کے چارٹ تیار کریں۔

# یونٹ 2

## کرہ ہوائی کا تعارف

**سوال نمبر 1۔ درست جواب پر دائرہ لگائیں۔**

1۔زمین کے قریب موجود کرہ ہوائی کی تہہ کیا کہلاتی ہے؟

الف۔میزوسفیئر ب۔سٹریٹوسفیئر ج۔تھرموسفیئر د۔ٹروپوسفیئر

2۔کرہ ہوائی میں سطح زمین سے قریباً 17 کلومیٹر سے 50 کلومیٹر کی بلندی کے درمیان پائی جاتی ہے۔

الف۔اوزون گیس ب۔نائٹروجن گیس ج۔سی ایف سی گیس د۔ہائیڈروجن گیس

3۔ریفریجریٹر کو ٹھنڈا کرنے کے لیے کون سی گیس استعمال ہوتی ہے۔

الف۔آکسیجن ب۔نائٹروجن ج۔کاربن ڈائی آکسائیڈ د۔سی ایف سی

4۔کرہ ہوائی کی ترکیب کی بنیادی عناصر ہیں۔

الف۔تین ب۔چار ج۔پانچ د۔چھ

5۔میزوسفیئر کی آخری حد پر ہوا کا درجہ حرارت کتنا رہ جاتا ہے؟

الف۔قریباً منفی 90 سینٹی گریڈ ب۔قریباً منفی 100 سینٹی گریڈ

ج۔قریباً منفی 150 سینٹی گریڈ د۔قریباً منفی 200 سینٹی گریڈ

جوابات۔ 1۔ٹروپوسفیئر 2 ۔اوزون گیس 3۔ سی ایف سی 4۔ تین 5۔ قریباً منفی 100 سینٹی گریڈ

سوال نمبر 2 مختصر جواب دیں۔

i۔کرہ ہوائی سے کیا مراد ہے؟

جواب۔کرہ ہوائی مختلف گیسوں کا مجموعہ ہے جس نے ہماری زمین کو ایک غلاف کی صورت میں چاروں طرف سے ڈھانپ رکھا ہے۔

ii۔ موسم اور آب و ہوا میں فرق بیان کریں۔

جواب۔موسم

کسی مقام ک خاص وقت کی فضائی کیفیت کا نام ہے۔

آب وہوا

کسی مقام کی ایک طویل عرصے کے دوران مجموعی موسمی کیفیت کوآب وہوا کہتے ہیں۔

iii۔اوزون کی کمی کی دووجوہات تحریر کریں۔

جوابi۔اوزون گیس کی کمی کی بڑی وجہ سی ایف سی(CFC) گیس ہے۔

ii۔انسانی سرگرمیاں بھی اوزون گیس کوختم کررہی ہیں۔

سوالنمبر 3۔سطح زمین پرآب وہوامیں تبدیلی کی وضاحت کریں۔

جواب۔انسانی سرگرمیوں کی وجہ سے کرہ ارض کی آب وہواتبدیل ہورہی ہے۔ذرائع توانائی مثلاًکوئلہ،تیل،قدرتی گیس وغیرہ ک استعمال سے نکلنے والا دھواں کرہ ہوائی میں کاربن ڈائی اکسائیڈاوردوسری مہلک گیسوں کی مقدار میں اضافہ کررہاہے یہ گیسیں زمین سے خارج ہونے والی حرارت کوجذب کرلیتی ہیں جس سے کرہ ہوائی کا درجہ حرارت بڑھ جاتاہے جوکہ زمین پرزندگی کے لیےنقصان دہ ہے۔

سرگرمی۔

☆ آلودگی کس طرح آب وہوامتاثرکررہی ہےتصاویرکی صورت میں چارٹ پرظاہرکریں

☆ایسی پانچ اشیاءکی تصاویربمعہ نام چارٹ پرچسپاں کریں جن میں CFC گیس شامل ہوتی ہے۔

## یونٹ 3

# کرہ ہوائی کا درجہ حرارت

**سوال نمبر 1۔ درست جواب پر دائرہ لگائیں۔**

1۔ درجہ حرارت کی افقی تقسیم کو کس سے ظاہر کیا جاتا ہے؟

الف۔ خطوط مساوی الحرارت　　ب۔ خطوط عرض بلد

ج۔ خطوط طول بلد　　د۔ خطوط نصف النہار

2۔ مادہ گرم ہونے پر

الف۔ پھیلتا ہے　　ب۔ سکڑتا ہے۔　　ج۔ کم ہوتا ہے　　د۔ زیادہ ہوتا ہے۔

3۔ ہر ایک ہزار میٹر کی بلندی پر اوسطاً کتنے درجے سینٹی گریڈ درجہ حرارت کم ہو جاتا ہے۔

الف 4.5　　ب۔ 5.5　　ج۔ 6.5　　د۔ 7.5

4۔ سطح زمین پر خشکی کا تناسب ہے۔

الف 71 فیصد　　ب۔ 66 فیصد　　ج۔ 33 فیصد　　د۔ 29 فیصد

5۔ منطقہ باردہ کی آب وہوا کیسی ہے؟

الف۔ گرم　　ب۔ متعدل　　ج۔ کم سرد ہے　　د۔ بہت ہی زیادہ سرد ہے

جوابات۔ 1۔ خطوط مساوی الحرارت 2 ۔ پھیلتا ہے 3۔ 6.5 4۔ 29 فیصد 5۔ بہت ہی زیادہ سرد ہے

**سوال نمبر 2۔ مختصر جواب دیں۔**

i۔ درجہ حرارت کی تعریف کریں۔

جواب۔ درجہ حرارت سے مراد کسی مقام کی حرارت کی شدت ہے۔

ii۔ درجہ حرارت کی پیمائش کرنے والے آلات اور پیمانوں کے نام لکھیں۔

جواب۔ درجہ حرارت کی پیمائش کرنے والے آلے کا نام تھرمامیٹر ہے۔ درجہ حرارت کی پیمائش درج ذیل پیمانوں سے کی جاتی ہے

i) سیلسیئس سکیل　　C

ii) فارن ہائیٹ سکیل　　F

سوال نمبر 3۔درجہ حرارت میں تبدیل لانے والے عوامل کی وضاحت کریں۔

جواب۔درجہ حرارت میں تبدیلی لانے والے عوامل درج ذیل ہیں۔

i۔ہوا کا دباؤ : کرہ ہوائی کے زیریں حصے میں ہوا کا زیادہ دباؤ درجہ حرارت میں اضافے کا باعث ہے اور بلندی پر دباؤ سے درجہ حرارت کم رہتا ہے۔

ii۔تقلیب حرارت : بلندی کے ساتھ درجہ حرارت کم ہوتا جاتا ہے لیکن کچھ مقامات پر اسکے برعکس ہوتا ہے یعنی بلندی کے ساتھ درجہ حرارت بڑھ جاتا ہے۔

iii۔پانی اور خشکی : زمین کے خشک حصے جلد گرم ہوجاتے ہیں اور سورج غروب ہونے کے بعد جلد ٹھنڈے ہوجاتے ہیں جبکہ پانی والے حصے زیادہ دیر سے گرم اور دیر سے ٹھنڈے ہوتے ہیں۔

iv۔سورج کی شعاعیں : جن علاقوں میں سورج کی شعاعیں عموداً پڑتی ہیں وہاں درجہ حرارت زیادہ ہوتا ہے ایسے علاقے جہاں سورج کی شعاعیں ترچھی پڑتی ہیں وہاں درجہ حرارت کم ہوتا ہے۔

v۔ہوائیں اور بحری روئیں : ہوائیں گرم علاقوں سے سرد علاقوں اور سرد علاقوں سے گرم علاقوں کی طرف چلتی ہیں جس سے درجہ حرارت میں کمی یا زیادتی ہوجاتی ہے۔

vi۔بادل : بادل سورج سے آنے والی شعاعیں منعکس کردیتے ہیں لہذا جن علاقوں میں زیادہ بادل بنتے ہیں وہاں درجہ حرارت کم ہوتا رہتا ہے۔

vii۔ساحلی علاقے : ساحلی علاقے میں سمندری ہوا کی وجہ سے درجہ حرارت متعدل رہتا ہے۔

سرگرمی

☆ طلبہ تھرمامیٹر سے درجہ حرارت معلوم کرنے کا عملی مظاہرہ کریں۔

# یونٹ 4

## زراعت

**سوالنمبر 1۔درست جواب پر دائرہ لگائیں۔**

1۔ پاکستان دنیا کی کل کپاس کا کتنے فیصد پیدا کرتا ہے۔

الف۔2 فیصد ب۔3 فیصد ج۔4 فیصد د۔5 فیصد

2 ۔کون سی فصل غذائی مقاصد اور جانوروں کے چارہ ک طور پر استعمال کی جاتی ہے۔

الف۔گندم ب۔مکئی ج۔تمباکو د۔کپاس

3۔سیڑھی نما کھیت بنا کر فصلیں اگائی جاتی ہیں۔

الف۔میدانی علاقوں میں ب۔ پہاڑی ڈھلوانوں پر

ج۔صحرائی علاقوں میں د۔ساحلی علاقوں میں

4۔پاکستان کے کس صوبے میں کاریز کے ذریعے آبپاشی کی جاتی ہے۔

الف۔خیبر پختونخواہ ب۔سندھ ج۔بلوچستان د۔پنجاب

5۔پانی کا ایسا ذریعہ جو زمین کے اندر سے قدرتی طور پر سطح زمین کے اوپر پھوٹتا ہے، کہلاتا ہے۔

الف۔ٹیوب ویل ب۔کاریز ج۔چشمہ د۔کنواں

جوابات۔ 1۔5 فیصد 2 ۔مکئی 3۔پہاڑی ڈھلوانوں پر 4۔بلوچستان 5۔ چشمہ

سوالنمبر 2۔مختصر جواب دیں۔

i۔زراعت سے کیا مراد ہے؟

جواب۔فصلیں اگانے اور جانور پالنے کو زراعت یا کھیتی باڑی کہتے ہیں۔

ii۔پاکستان کی اہم فصلوں کے نام تحریر کریں۔

جواب۔چاول، گندم، مکئی، کپاس، تمباکو اور گنا پاکستان کی اہم فصلیں ہیں۔

iii۔ذرائع آبپاشی کی فہرست بنائیں۔

جواب۔ ذرائع آبپاشی درج ذیل ہیں۔

نہریں، ٹیوب ویل، کاریز، کنوئیں اور چشمے

## سوال نمبر 3۔ تفصیلی جواب دیں۔

i۔ زراعت کی اقسام بیان کریں

جواب ۔ زراعت کی مختلف اقسام درج ذیل ہیں

**محدود پیمانے پر زراعت:** ایسی زراعت میں کسان کے پاس زمین اور وسائل محدود ہوتے ہیں جہاں جدید مشینری کا استعمال ممکن نہیں ہوتا۔

**عمیق زراعت :** زراعت کے اس طریقے میں بہترین کھاد، بیج اور پانی استعمال کر کے تھوڑے رقبہ پر زیادہ فصل اگا کر مالی فوائد حاصل کیے جاتے ہیں۔

**وسیع پیمانے پر زراعت** یہ زراعت ان ممالک میں کی جاتی ہے جہاں پر آبادی کے مقابلے میں رقبہ زیادہ ہوتا ہے۔

**تجارتی زراعت :** زراعت کی یہ قسم تجارتی مقاصد کے لیے کی جاتی ہے۔

**نباتاتی زراعت :** اس میں نقد آور فصلوں ( گنا، کیلا، ناریل، ربڑ، مصالحہ جات اور کافی ) میں سے کوئی ایک بڑے پیمانے پر اگائی جاتی ہیں۔

**تجارتی سبزی کاری :** ایسے پھل اور سبزیاں جن کو محفوظ نہیں کیا جا سکتا ٹرک فارمنگ کے ذریعے منڈیوں تک پہنچائے جاتے ہیں۔

**ملی جلی زراعت :** یہ ایسی زراعت ہے جس میں فصل اگانا اور جانوروں کو پالنا ایک ساتھ کیے جاتے ہیں۔

**غذائی فصلیں :** اس میں کسی ملک کی غذائی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے فصلیں بڑے پیمانے پر کاشت کی جاتی ہیں۔

ii۔ ذرائع آبپاشی کے مسائل بیان کریں۔

جواب ۔ i۔ نہروں اور کھالوں کے پختہ نہ ہونے کی وجہ سے سیم وتھور سے فصلوں کو نقصان پہنچتا ہے۔

ii۔ دریاؤں اور بارشوں کا پانی ذخیرہ نہ ہونے کی وجہ سے پانی کی بڑی مقدار سمندر میں چلی جاتی ہے

iii۔ کھالوں اور نہروں کی صفائی وقت پر نہ ہونے سے پانی آخر تک نہیں پہنچتا جس سے زمین بنجر ہو رہی ہے۔

iv۔ زیریں زمین پانی کی سطح نیچے جا رہی ہے۔

سرگرمی ☆ طلبہ پاکستان کی اہم فصلوں کا چارٹ تیار کریں گے۔

## یونٹ 5

# کان کنی اور توانائی کے وسائل

**سوال نمبر 1۔ درست جواب پر دائرہ لگائیں۔**

1۔ پاکستان میں پہلا ایٹمی پاور پلانٹ لگایا گیا۔

الف۔ چشمہ میں　　ب۔ لاہور میں　　ج۔ اسلام آباد میں　　د۔ کراچی میں

2 ۔ پاکستان میں کس معدن کے محفوظ ذخائر کا اندازہ 350 ملین ٹن لگایا گیا ہے؟

الف۔ کوئلہ　　ب۔ نمک　　ج۔ جپسم　　د۔ لوہا

3۔ زمین کی سطح کے نیچے سے قیمتی معدنیات اور دیگر اشیاء نکالنے کو کہتے ہیں۔

الف۔ کان کنی　　ب۔ قشر الارض　　ج۔ زراعت　　د۔ جیوگرافی

4۔ پاکستان کا سب سے بڑا گیس کا ذخیرہ پاکستان کے کس صوبے میں ہے؟

الف۔ خیبر پختونخواہ　　ب۔ سندھ　　ج۔ بلوچستان　　د۔ پنجاب

5۔ پاکستان میں آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کارپوریشن لمیٹیڈ کا قیام عمل میں آیا؟

الف۔ 1961ء میں　　ب۔ 1971ء میں　　ج۔ 1973ء میں　　د۔ 1975ء میں

جوابات۔ 1۔ کراچی میں　2 ۔ جپسم　3۔ کان کنی　4۔ بلوچستان　5۔ 1961ء میں

سوال نمبر 2۔ مختصر جواب دیں۔

i۔ پانچ غیر دھاتی معدنیات کے نام لکھیں۔

جواب۔ خوردنی نمک، چونے کا پتھر، سنگ مرمر، جپسم اور چینی مٹی،

ii۔ کان کنی کی تعریف کریں۔

جواب۔ زمین کی سطح کے نیچے سے قیمتی معدنیات اور دیگر اشیاء کو نکالنے کو کان کنی کہتے ہیں۔

**سوالنمبر 3۔کان کنی کی اقسام بیان کریں۔**

جواب۔کان کنی کی چند اقسام درج ذیل ہیں۔

i۔ ہاتھ اور برتن سے کان کنی،

بعض اوقات قیمتی معدنی دھاتوں کے ذرات دریا کی مٹی میں بہہ کر آ جاتے ہیں اس مٹی کو جمع کر کے چھان لیا جاتا ہے جس سے قیمتی ذرات اور مٹی الگ الگ ہو جاتے ہیں۔

ii۔عمودی سرنگی کان کنی

یہ گہرائی سے معدنیات نکالنے کا طریقہ ہے اس میں معدنیات کے مقام پر عمودی سوراخ کر کے معدنیات نکالی ے جاتی ہیں۔

iii۔سرنگی کان کنی

اس طریقہ کان کنی میں پہاڑی علاقوں میں ڈھلوانوں کے درمیان سرنگیں یا کھائیاں بنا کر معدنیات حاصل کی جاتی ہیں۔

iv۔سطح زمین کو کھود کر کان کنی

اس طریقے میں ایسی معدنیات جو کم گہرائی میں ہوتی ہیں ان کو سطع زمین کو کھود کر حاصل کیا جاتا ہے۔

v۔سوراخ کر کے کان کنی

اس طریقے میں معدنیات کو زمین کے نیچے زیادہ گہرے مقامات سے مشینوں سے سوارخ کر کے نکالا جاتا ہے۔

سرگرمی

☆ مختلف معدنیات کے ناموں اور تصاویر کا ایک چارٹ بنائیں اور طلبہ کو ان کی خصوصیات اور فوائد متعارف کرائیں۔

# یونٹ 6

## صنعت

**سوال نمبر 1۔ درست جواب پر دائرہ لگائیں۔**

1۔ قیام پاکستان کے وقت ملک میں چینی بنانے کے کارخانے تھے۔

الف۔ دو　　ب۔ تین　　ج۔ چار　　د۔ پانچ

2 ۔ پاکستان کی برآمدات کا پیشتر حصہ کس صنعت سے حاصل ہوتا ہے؟

الف۔ آٹوموبائل　　ب۔ چینی　　ج۔ ٹیکسٹائل　　د۔ سیمنٹ

3۔ پاکستان میں کپڑے کی صنعتوں کا اہم مرکز ہے۔

الف۔ فیصل آباد　　ب۔ لاہور　　ج۔ اسلام آباد　　د۔ پشاور

4۔ سیمنٹ کی صنعت کے لیے ضروری ہے؟

الف۔ کرومائیٹ اور گندھک　　ب۔ آتشی اور لوہا

ج۔ چونے کا پتھر اور جپسم　　د۔ چٹانی نمک اور چینی مٹی

5۔ 2017-18ء کے اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں چینی بنانے کے کتنے کارخانے ہیں؟

الف۔ 89　　ب۔ 85　　ج۔ 99　　د۔ 108

جوابات۔ 1۔ دو 2 ۔ ٹیکسٹائل 3۔ فیصل آباد 4۔ چونے کا پتھر اور جپسم 5۔ 89

سوال نمبر 2۔ مختصر جواب دیں۔

i۔ صنعت کی تعریف کریں۔

جواب۔ صنعت سے مراد ایسی جگہ ہے جہاں سرمایہ دار خام مال اور قدرتی وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے مختلف اشیاء تیار کرتا ہے۔

ii۔ پانچ بھاری صنعتوں کے نام لکھیں۔

جواب۔ i۔ ٹیکسٹائل کی صنعت　　ii۔ چینی کی صنعت　　iii۔ سیمنٹ کی صنعت

iv۔ آٹوموبائل کی صنعت　　v۔ الیکٹرانک اشیاء کی صنعت

iii۔ پاکستان کی دس گھریلو صنعتوں کے نام لکھیں۔

جواب 1۔ لکڑی کا کام 2۔لوہے کے چھوٹے اوزار بنانے کا کام

3۔ چٹائیوں کا کام 4۔ پتوں اور بید سے بنی اشیاء

5۔ مٹی کے برتن بنانا 6۔کھلونے بنانا

7۔کڑھائی کا کام 8۔کمبل اور دریاں بنانا

9۔ چادر، چٹائیاں بنانے کا کام 10۔ملبوسات تیار کرنا

سوال نمبر 3۔صنعت کے مسائل کی نشاہدی کریں۔

جواب۔صنعت کے اہم مسائل

i۔ ہمارے ملک میں مصارف پیدائش بہت زیادہ ہیں اور کاریگر جدید تحقیق سے لاعلم ہیں۔

ii۔کم آمدنی کی وجہ سے سرمایہ کی کمی ہوتی ہے جو کہ کسی بھی صنعت کے لیے بہت ضروری ہے۔

iii۔ ہمارے ملک میں ہنرمند افراد کی کمی ہے۔

iv۔اب صنعت کی برآمدی اشیاء میں منافع بہت کم ہے۔

v۔صنعت میں استعمال ہونے والی مشینری مہنگے داموں درآمد کرنا پڑتی ہے۔

vi۔توانائی اور طاقتی وسائل کی کمی کی وجہ سے پاکستان بحران کا شکار ہے۔

سرگرمی

☆ طلبہ اپنے اردگرد پائی جانے ولای دس گھریلو صنعتوں کا ایک چارٹ بنائیں۔

## یونٹ 7

# تجارت

**سوال نمبر 1 درست جواب پر دائرہ لگائیں۔**

1۔ مختلف مما لک کے درمیان تجارت کے رونماء ہونے کی وجہ ہے۔

الف۔صنعتیں قائم کرنا ب۔وسائل کی کمی بیشی ج۔معاشی ترقی د۔پیداوار بڑھانا

2 ۔ کسی ملک اور بیرونی مما لک کے مابین معاشی لین دین کا باضابطہ ریکارڈ کہلاتا ہے۔

الف۔بین الاقوامی تجارت ب۔توازن ادائیگی ج۔توازن تجارت د۔ملکی تجارت

3۔ پاکستان میں کس شے کی درآمد زیادہ ہے؟

الف۔کاغذ ب۔رنگ وروغن ج۔پٹرولیم د۔ریشم

4۔پاکستان زیادہ تر چائے بنگلہ دیش کے علاوہ کس ملک سے درآمد کرتا ہے۔

الف۔برطانیہ ب۔ایران ج۔سری لنکا د۔امریکہ

5۔کون سی فصل پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔

الف۔گندم ب۔کپاس ج۔گنا د۔چاول

جوابات۔ 1۔وسائل کی کمی بیشی 2 ۔توازن تجارت 3۔پٹرولیم 4۔سری لنکا 5۔کپاس

سوال نمبر 2۔مختصر جواب دیں۔

i۔ملکی اور بین الاقوامی تجارت سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ملکی تجارت

کسی ملک کے اندر اشیاء وخدمات کا لین دین ملکی تجارت کہلاتا ہے۔

بین الاقوامی تجارت

کسی ایک ملک کا دوسرے مما لک سے اشیاء وخدمات کا لین دین بین الاقوامی تجارت کہلاتا ہے۔

ii۔ پاکستان کی تین اہم درآمدات اور برآمدات کے نام لکھیں۔

جواب۔ پاکستان کی برآمدات : کپاس، چاول، چمڑا اور اس کی مصنوعات

پاکستان کی برآمدات : پٹرول، چائے، کھانے کا تیل اور کیمیائی کھادیں وغیرہ

سوال نمبر 3۔ پاکستان کی اہم درآمدات کی تفصیل بیان کریں۔

جواب۔ پاکستان کی اہم درآمدات درج ذیل ہیں۔

i۔ پٹرولیم اور اس کی مصنوعات : پاکستان پٹرول، ڈیزل اور پٹرولیم ک مصنوعات (ویزلین اور پلاسٹک وغیرہ) سعودی عرب، کویت، ابوظہبی، ایران اور عراق سے منگواتا ہے۔

ii۔ چائے اور کھانے کا تیل : پاکستان کھانے تیل امریکہ، سری لنکا اور ملائشیاء سے درآمد کرتا ہے، پاکستان زیادہ تر چائے بنگلہ دیش اور سری لنکا سے منگواتا ہے۔

iii۔ مشینری اور خام مال : پاکستان کو صنعتی شعبوں کے فروغ کے لیے بیرون ممالک سے مشینری اور خام مال درآمد کرنا پڑتا ہے۔

iv۔ لوہا اور اس کی مصنوعات : پاکستان لوہا، فولاد اور اس سے بنی دوسری مصنوعات جرمنی، بیلجیم، برطانیہ، فرانس، امریکہ، جاپان اور آسٹریلیا سے درآمد کرتا ہے۔

v۔ کیمیائی کھاد : کھاد کی کچھ اقسام عراق، تیونس، اٹلی اور امریکہ سے درآمد کی جاتی ہے۔

vi۔ متفرق درآمدات : مختلف اشیاء ادویات، ریشمی دھاگہ، رنگ وروغن، بجلی کا سامان، کاغذ اور سٹیشنری وغیرہ بھی دوسرے ممالک سے درآمد کی جاتی ہے۔

سرگرمی

☆ طلبہ پاکستان کی اہم درآمدات اور برآمدات کا چارٹ تیار کریں۔

# یونٹ 8

## ذرائع آمدورفت

**سوال نمبر 1۔ درست جواب پر دائرہ لگائیں۔**

1۔ مغل پورہ ریلوے ورکشاپ واقع ہے۔

الف۔ اسلام آباد میں　　ب۔ ملتان میں　　ج۔ کراچی میں　　د۔ لاہور میں

2۔ M2 موٹروے اسلام آباد کو کس شہر سے ملاتی ہے۔

الف۔ لاہور　　ب۔ فیصل آباد　　ج۔ قلات　　د۔ کوئٹہ

3۔ سفر کا تیز ترین ذریعہ ہے۔

الف۔ بس　　ب۔ ہوائی جہاز　　ج۔ ریل　　د۔ کار

4۔ شاہراہ ریشم پاکستان کو ملاتی ہے

الف۔ چین سے　　ب۔ بھارت سے　　ج۔ ایران سے　　د۔ افغانستان سے

5۔ پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز قائم کی گئی۔

الف۔ 1955ء　　ب۔ 1965ء　　ج۔ 1975ء　　د۔ 1985ء

جوابات۔ 1۔ لاہور میں 2۔ لاہور 3۔ ہوائی جہاز 4۔ چین سے 5۔ 1955ء

سوال نمبر 2۔ مختصر جواب دیں۔

i۔ ذرائع آمدورفت کے نام لکھیں۔

جواب۔ ذرائع آمدورفت درج ذیل ہیں۔

i۔ سڑکیں، ii۔ ریلوے، iii۔ ہوائی راستے iv۔ آبی راستے

ii۔ پاکستان کی اہم شاہراؤں کی فہرست بنائیں۔

جواب۔ پاکستان کی اہم شاہرائیں درج ذیل ہیں۔

i۔ جی ٹی روڈ، لاہور ii۔ انڈس ہائے وے۔ iii۔ سپر ہائی وے۔ iv۔ کوسٹل ہائی وے v۔ شاہراہ ریشم

iii۔ بندرگاہ کی تجارتی لحاظ سے اہمیت بیان کریں۔

جواب۔ بندرگاہوں سے مال لانے اور لے جانے والے جہازوں کی آمدورفت میں اضافہ ہوتا ہے جس سے ملکی تجارت میں ترقی ہوتی ہے۔

سوال نمبر 3۔ پاکستان کے ذرائع آمدورفت کے نظام کی وضاحت کریں۔

جواب۔ پاکستان کا نظام ذرائع آمدورفت

i۔ سڑکیں

پاکستان کی اہم شاہرائیں درج ذیل ہیں

i۔ جی ٹی روڈ، لاہور ii۔ انڈس ہائے وے۔ iii۔ سپر ہائی وے۔

iv۔ کوسٹل ہائی وے v۔ شاہراہ ریشم

ii۔ ریلوے

پاکستان کی چند بڑی اہم ریلوے لائنز درج ذیل ہیں۔

1۔ پشاور سے کراچی 2۔ لاہور سے کوئٹہ 3۔ کراچی سے کوئٹہ

4۔ کوئٹہ سے ایران 5۔ ملتان سے راولپنڈی 6۔ لاہور سے لودھراں

iii۔ ہوائی راستے

1955ء میں پاکستان میں انٹرنیشنل ایئرلائنز PIA کا قیام عمل میں آیا اس کے علاوہ نجی ائیرلائنز کا شعبہ بھی اپنی پروازیں چلا رہا ہے۔

iv۔ آبی راستے

بن قاسم، کراچی، گوادر پاکستان کی اہم بندرگاہیں ہیں اس کے علاوہ اوڑ ماڑہ، پسنی، جیدانی کی بندرگاہیں بھی استعمال کی جاتی ہیں۔

سرگرمی

☆ بچوں کو کسی قریبی بس اسٹیشن یا ریلوے اسٹیشن کا مطالعاتی دورہ کرائیں۔

# تاریخ

# 7

گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب لاہور

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | مغلیہ سلطنت کی بنیاد | 1-24 |
| 2 | مغلیہ سلطنت کا زوال | 75-99 |
| 3 | مغلیہ سلطنت اور انگریزوں کا عروج | 100-119 |



نگران : مسٹر سلطان شاھد، پرنسپل
مسٹر کاشف محمود، پرنسپل
تیار کردہ : مسز صا ئمہ نوشین ، جونیئر سپیشل ایجوکیشن ٹیچر

یونٹ نمبر 1

# مغلیہ سلطنت کی بنیاد

سوالنمبر 1۔درست جواب پر( ) کانشان لگائیں۔

i۔ پانی پت پہلی جنگ کس سن میں لڑی گئی؟

ا۔1436ء ب۔1516ء ج۔1526ء د۔1546ء

ii۔ وہ پہلا شخص جس نے ہندوستان میں توپ سے بارود پھینکنے کی ٹیکنالوجی استعمال کی۔

ا۔ظہیرالدین بابر ب۔نصیرالدین ہمایوں ج۔شیر شاہ سوری د۔ابراہیم لودھی

iii۔ قنوج کی لڑائی میں شکست کھا کر ہمایوں کہاں پہنچا؟

ا۔سندھ ب۔بنگال ج۔بہار د۔آگرہ

iv۔ شیر شاہ سوری نے 1545 میں حملہ کیا؟

ا۔کالنجر پر ب۔لاہور پر ج۔پشاور پر د۔کابل پر

v۔ 1545 میں شیر شاہ سوری کے انتقال کے بعد تخت نشین ہوا

ا۔فیروز شاہ سور ب۔سکندر سوری ج۔عادل شاہ د۔اسلام شاہ سوری

جواب : 1۔1526ء 2۔ ظہیرالدین بابر 3۔آگرہ 4۔کالنجر پر 5۔اسلام شاہ سوری

سوالنمبر 2۔ مختصر جواب لکھیں۔

i۔بابر کے ہندوستان پر حملے کی دو وجوہات لکھیں۔

جواب: i۔ ابراہیم لودھی کے ناقص طرز حکمرانی سے تنگ آ کر پنجاب کے گورنر نے بابر کو دعوت دی کہ وہ ہندوستان پر حملہ کرے۔

ii۔برصغیر کے حکمران کی نااہلی اور ناپسندیدہ طرز حکومت کے باعث بابر نے ادھر کا رخ کیا۔

ii۔شیر شاہ سوری کے دور حکومت میں سرکار کے انتظام کے لئے بنیادی طور پر کون سے دو اہلکار تھے؟

جواب: i۔شقدار شقداراں:

اس کے پاس انتظامی نوعیت کے کام تھے مالیہ کا تعین، وصولی اور بادشاہ کے احکامات پر عمل درآمد کروانا اس کا کام تھا۔

ii۔منصف منصفاں: اس کے ذمے مقدمات کے فیصلے کرنا تھا۔

iii۔شیر شاہ سوری نے عوامی بہبود کے لئے کون کون سے ادارے قائم کئے؟

جواب۔شیر شاہ سوری نے عوام کی بہبود کے لئے بہت سے ادارے قائم کئے جن میں مفت لنگر خانہ،ہسپتال،مدرسے اور مکتب شامل ہیں۔

سوالنمبر 3: **کالم الف کو کالم ب سے ملا کر درست جواب کالم ج میں لکھیں۔**

| کالم الف | کالم ب | کالم ج |
|---|---|---|
| 1۔محمد بن قاسم کی سندھ آمد | 1545ء | |
| 2۔جنگ کنواہہ | 1556ء | |
| 3۔ہمایوں کی وفات | 712ء | |
| 4۔شیر شاہ سوری کی وفات | 1526ء | |
| 5۔پانی پت کی پہلی جنگ | 1527ء | |

جواب : 1۔712ء 2۔1527ء 3۔1556ء 4۔1545ء 5۔1526ء

**سرگرمی**

☆ مغل بادشاہوں کی تصاویر ایک چارٹ پر چسپاں کریں اور کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔

# یونٹ 2

## مغلیہ سلطنت کا زوال

سوالنمبر 1۔ درست جواب پر (  ) کا نشان لگائیں۔

i۔ بہادر شاہ اول کس سن میں پیدا ہوا؟

ا۔ 1953ء ب۔ 1643ء ج۔ 1707ء د۔ 1713ء

ii۔ 1713ء میں کون تخت نشین ہوا؟

ا۔ فرخ سیر ب۔ بہادر شاہ اول ج۔ محمد شاہ د۔ رفیع الدولہ

iii۔ 1739ء میں بادشاہ نے کہاں حملہ کیا؟

ا۔ دہلی ب۔ آگرہ ج۔ لاہور د۔ بنگال

iv۔ سراج الدولہ کا سپہ سالار کون تھا؟

ا۔ میر قاسم ب۔ احمد شاہ ج۔ میرن د۔ میر جعفر

v۔ واسکوڈے کا ما کون تھا؟

ا۔ایسٹ انڈیا کمپنی کا ملازم ب۔ انگریزوں کا سپہ سالار ج۔ پرتگیزی جہاز راں د۔عرب تاجر

جواب : 1۔1643ء 2۔فرخ سیر 3۔دہلی 4۔میر جعفر 5۔پرتگیزی جہاز راں

سوالنمبر 2 متن کے مطابق خالی جگہ پر کریں۔

(سید برادران، جانشین، درانی، حکمران، سراج الدولہ)

i۔ محمد شاہ رنگیلا کی وفات کے بعد اس کا بیٹا احمد شاہ اس کا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بنا۔

ii۔ نادر شاہ نے 1738ء میں تخت پر قبضہ کر لیا اور بادشاہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے نام سے بادشاہ بنا۔

iii۔ اورنگزیب عالمگیر کی وفات کے بعد یکے بعد دیگرے کئی مغل ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تبدیل ہوئے۔

iv۔ فرخ سیر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی مدد سے بادشاہ بنا تھا۔

v۔ علی وردی خان کے بعد اس کا نواسہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بنگال کا نواب بنا۔

جواب : 1۔جانشین 2۔درانی 3۔حکمران 4۔سید برادران 5۔سراج الدولہ

سوالنمبر 3۔درست کے سامنے(   )اور غلط کے سامنے(X)لگائیں۔

i۔ بہادر شاہ اول کا اصل نام محمد معظم تھا۔

ii۔ مغل بادشاہ نے ایسٹ انڈیا کمپنی پر برصغیر میں کاروبار کرنے پر پابندی لگادی۔

iii۔ اورنگزیب عالمگیر کی وفات کے بعد مغل حکومت مضبوط ہوئی۔

iv۔ مغلوں نے ابتدائی دور میں مستقل تنخواہ دار فوج کی تشکیل دی۔

جواب : 1۔درست 2۔غلط 3۔غلط 4۔درست

سوالنمبر 4۔ کالم الف کو کالم ب سے ملا کر جواب کالم ج میں لکھیں۔

| کالم الف | کالم ب | کالم ج |
|---|---|---|
| i۔فرخ سیر | 1757ء میں لڑی گئی | |
| ii۔عالمگیر ثانی کا اصل نام | تیسری لڑائی میں مرہٹوں کو شکست ہوئی | |
| iii۔احمد شاہ ابدالی نے پانی پت کی | صرف گیارہ ماہ حکومت کی | |
| iv۔جنگ پلاسی | عزیز الدین تھا | |
| v۔مغل بادشاہ جہاں دار شاہ نے | 1713ء میں تخت نشین ہوا۔ | |

جواب : 1۔1713ء میں تخت نشین ہوا۔ 2 ۔عزیز الدین تھا 3۔تیسری لڑائی میں مرہٹوں کو شکست ہوئی

4۔1757ء میں لڑی گئی 5۔صرف گیارہ ماہ حکومت کی

سوالنمبر 5۔ مختصر جواب دیں۔

i۔ محمد شاہ نے سید برادران سے کیسے نجات حاصل کی؟

جواب۔ محمد شاہ نے سید برادران سے نجات پانے کے لیے نظام الملک سے رابطہ کیا۔نظام الملک کی فوج سے لڑائی کے دوران سید حسین علی قتل ہوا جبکہ سید حسن علی گرفتار ہوگیا۔دوسال بعد اسے بھی قتل کر دیا گیا۔

سرگرمی:

☆ بچوں کو مغل دور کے بنے کسی تاریخی مقام کا دورہ کروایا جائے اور اس کی اہمیت کے بارے میں بتائیں۔

☆ مغل دور کی مشہور عمارات کا چارٹ بنا کر کلاس میں آویزاں کریں۔

# یونٹ نمبر 3

# مغلیہ سلطنت اور انگریزوں کا عروج

سوالنمبر 1۔ درست جواب پر ( ) کا نشان لگائیں۔

i۔ احمد شاہ ابدالی نے 1761ء میں ہندوستان پر حملہ کر کے کن کو شکست دی؟

ا۔سکھوں کو ب۔ مرہٹوں کو ج۔ انگریزوں کو د۔ راجپوتوں کو

ii 1849ء میں انگریزوں نے سکھوں کو شکست دے کر قبضہ کر لیا۔

ا۔پنجاب پر ب۔ بنگال پر ج۔ سندھ پر د۔ میسور پر

iii۔ 1764ء میں کون سی جنگ لڑی گئی؟

ا۔جنگ کرناٹک ب۔ جنگ آزادی ج۔ جنگ پلاسی د۔ جنگ بکسر

iv۔ حضرت شاہ ولی اللہ 1703 میں کس شہر میں پیدا ہوئے؟

ا۔ملتان ب۔ کلکتہ ج۔ دہلی د۔ لاہور

v۔ جنگ آزادی کس سن میں لڑی گئی؟

ا۔1757ء ب۔ 1764ء ج۔1857ء د۔ 1767ء

جواب : 1۔مرہٹوں کو 2۔پنجاب پر 3۔جنگ بکسر 4۔دہلی 5۔1857ء

سوالنمبر 2۔متن کے مطابق خالی جگہ پر کریں۔

(فارسی، افغانستان، 1782ء، بریلی، سرکاری)

i۔ 1835ء میں فارسی زبان کی سرکاری حیثیت ختم کر کے انگریزی کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زبان قرار دیا گیا۔

ii۔ سید احمد شہید بھارت کے شہر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں پیدا ہوئے۔

iii۔ حیدر علی نے سن ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں وفات پائی اور برصغیر ایک بہادر جرنیل سے محروم ہو گیا۔

iv۔ روہیلوں کا تعلق۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے پشتونوں کے مختلف قبائل سے تھا۔

v۔ شاہ ولی اللہ نے قرآن مجید کا ترجمہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زبان میں کیا۔

جواب : 1۔سرکاری 2۔بریلی 3۔1782ء 4۔افغانستان 5۔فارسی

سوالنمبر 3۔درست کے سامنے(  ) اورغلط کے سامنے(X)لگائیں۔

i۔احمد شاہ ابدالی نواب سراج الدولہ کا سپہ سالار تھا۔

ii۔بہادر شاہ ظفر خود اچھا شاعر تھا اور شعرا کا سرپرست تھا ۔

iii۔1767 میں انگریزوں، مرہٹوں اور نظام حیدر نے مل کر بنگال پر حملہ کیا۔

iv۔انگریزوں کی برصغیر میں آمد سے پہلے بلوچستان ایک آزاد ریاست تھی۔

جواب : 1۔غلط 2۔درست 3۔غلط 4۔درست

سوالنمبر 4 کالم الف کو کالم ب سے ملا کر کالم ج میں لکھیں۔

| کالم الف | کالم ب | کالم ج |
|---|---|---|
| i۔شاہ عالم ثانی | 1849ء | |
| ii۔ٹیپو سلطان | 1858ء | |
| iii۔اکبر شاہ ثانی | 1760ء | |
| iv۔انگریزوں کا پنجاب پر قبضہ | 1728ء | |
| v۔جنگ آزادی کا اختتام | 1750ء | |

جواب : 1۔ 1728ء 2۔1750ء 3۔1760ء 4۔1849ء 5۔1858ء

سوالنمبر 5۔مختصر جواب دیں۔

i۔مغل خاندان کا آخری بادشاہ کون تھا؟

جواب۔مغل خاندان کا آخری بادشاہ بہادر شاہ ظفر تھا۔

ii۔ٹیپو سلطان کی شہادت کیسے ہوئی؟

جواب۔1799 میں ٹیپو سلطان اور انگریزی فوج کے درمیان لڑائی ہوئی اس جنگ میں اپنوں کی غداری کی وجہ سے ٹیپو سلطان کو شکست ہوگئی۔

سوالنمبر 6۔جنگ آزادی(1857) کے نتائج بیان کریں۔

جواب: 1857 کی جنگ آزادی نامساعد حالات میں لڑی گئی۔مگر اپنوں کی غداری کی وجہ سے شکست ہوگئی۔

ii۔جنگ آزادی کے بعد برصغیر پر برطانیہ کا قبضہ ہوگیا۔

iii۔جنگ آزادی میں مسلمانوں کا کردار زیادہ نمایاں تھا اس لئے انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بھی زیادہ وہی بنے۔

iv۔ مسلمانوں کو ملازمتوں سے نکال دیا گیا علماء اور مجاہدین کو قتل کیا گیا اور جائیدادیں ضبط کر لی گئیں۔

v ۔مسلمانوں کا سرکاری ملازمتوں میں کوٹہ کم کر دیا گیا۔

سرگرمی:

☆ ٹیپو سلطان شہید پر ایک چارٹ تیار کریں اور کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔